بلوچستان کا مقبول روزنامہ

Daily SABA-QTA

روزنامہ صباء کوئٹہ

ایڈیٹر غضنفر علی

Phone: 081-2830288

Email: saba6097595@gmail.com

ABC CERTIFIED

جلد نمبر 22 | جمعہ 03 جولائی 2026 | 17 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 125

پی ٹی آئی کا آزاد کشمیر انتخابات کا بائیکاٹ کا اعلان، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کا فیصلہ

موجودہ صورتحال آزاد جموں وکشمیر کی آئینی، جمہوری اور سیاسی شناخت کو متاثر کررہی ہے اور ایسا ماحول پیدا کیا جارہا ہے جو آزاد کشمیر اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے درمیان بنیادی فرق کو کمزور کرتا ہے، جو پاکستان کی تاریخی کشمیر پالیسی کے بھی منافی ہے

پارٹی نے الزام عائد کیا کہ سیاسی کارکنوں کے خلاف کارروائیاں، قیادت کی گرفتاریاں، اظہار رائے پر پابندیاں اور میڈیا پر قدغنوں کے باعث آزاد اور منصفانہ انتخابی ماحول موجود نہیں، اس لیے ایسے حالات میں انتخابات اپنی شفافیت اور ساکھ کھو دیتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے آزاد جموں وکشمیر کے موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ انتخابات میں حصہ نہ لینے اور انتخابی عمل کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا ہے۔ پارٹی نے اپنے فیصلے کو سیاسی حکمت عملی کے بجائے کشمیری

بقیہ 1 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

فیاض چوہان نے بانی قرار دیا، وزیر داخلہ کی کوشش کو بھی فرزند گلاب کا قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، طاہر اشرفی

اسلام آباد (آن لائن) قومی وطن پارٹی کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حنیف عباسی کا پاکستان ریلوے کو مکمل طور پر ڈیجیٹل ادارہ بنانے کا عزم

تمام جاری وبچوزہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ڈیجیٹل خدمات کو مزید تیز رفتار اور عوام دوست بنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے کو مکمل طور پر ڈیجیٹل ادارہ بنانے کا عزم کرتے ہوئے تمام جاری

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (وفاقی کیپٹل رپورٹر) چیف الیکشن کمشنر ریٹائرڈ جسٹس نجفی کا پاکستان تحریک انصاف کے بیرسٹر علی ظفر کے ریمارکس پر ردعمل، کہا تحریک انصاف کے بیرسٹر علی ظفر کا رویہ ہی عدالت کو کام نہیں کرنے دیتا، کارکنان ہی عدالت کو کام کرنے دیں

پاکستان میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز تیز کردیے گئے ہیں

افغانستان اور بھارت سمیت تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے رہنا ہمارا قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاتا، پاکستان کا دوٹوک موقف

پاکستان اور قطر کی عالمی میں امریکہ ایران مذاکرات جاری، وزیراعظم آج ترکیہ ادارہ ایران روانہ ہوں گے، خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کریں گے

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) متعدد اہم امور پر مثبت رفت جاری ہے۔ پاکستان کے لیے پرعزم ہے۔ افغانستان اور بھارت سمیت تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے ہیں، ناتم قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ بھارتی آبی جارحیت ناقابل برداشت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ایف بی آر کے وفد ملاقات کررہے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی معاملات میں دوطرفہ تعاون کو بڑھانے کیلئے باہمت پر دستخط

ریاض/اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کرلیا۔ جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی وزارت داخلہ ریاض میں اپنے سعودی ہم منصب شہزادہ عبدالعزیز بن سعود

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور میں آئی جی ایف سی کا ایف سی ہیڈ کوارٹر کا دورہ، شہریوں کو نشانہ بنانے کی سازش ناکام

کیچ میں ایف سی کا ایف سی ہیڈ کوارٹر پر حملہ، ایک مبینہ دہشت گرد ہلاک، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

مطابق پنجگور میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے کی ایک مبینہ دہشت گرد اتنہ سازش ناکام بنادی گئی، دہلیز پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر کی صورتحال سے متعلق فضل الرحمان کوئی لائحہ عمل نکالتے ہیں تو اچھی بات ہوگی، خواجہ آصف

آزاد کشمیر میں جاری کشیدگی سے نمٹنے کا حامی ہوں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جاری کشیدگی سے نمٹنے کا حامی ہوں، مولانا فضل الرحمان اگر بات چیت کرتے ہیں اور کوئی لائحہ عمل نکالتے ہیں تو یہ اچھی بات ہوگی۔ سنی۔ شیعہ فرقہ وارانہ تنازعہ کو ہوا دینے خوبصورت

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ورلڈ بینک کی این ایف سی معاہدہ پر نظر ثانی اور فنڈز کی تقسیم سے متعلق سفارشات، رپورٹ جاری

وفاقی صوبوں اور بلدیاتی اداروں کے درمیان وسائل کی بہتر اور منصفانہ تقسیم پر تاکید کریں، عالمی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد (یو این اے) ورلڈ بینک نے این ایف سی معاہدے پر نظر ثانی اور فنڈز کو کارکردگی کی بنیاد پر تقسیم کرنے کی سفارش کی ہے۔ عالمی بینک نے پاکستان میں مالیاتی وفاقیت کو مضبوط بنانے سے متعلق کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے وفاقی اور

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایف بی آر نے 12.95 کھرب روپے کا تاریخی ریونیو ہدف عبور کرلیا، وزیراعظم شہباز شریف کا اظہار اظہار

رواں مالی سال 26 کھرب روپے ہے، ٹیکس محصولات کا ہدف حاصل کرنے کی بات، اصلاحات کا ٹیکس کلچر پر زور

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے مالی سال 2025-26 میں فیڈرل ریونیو آف ایف بی آر) کی جانب سے 12.95 کھرب روپے کے تاریخی محصولات کا ہدف عبور کرنے پر ادارے کے سینئر افسران اور تمام عملے کو مبارکباد دی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیر علی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے حوالی بلیٹن پارٹی کے مرکزی صدر اصل ولی خان ملاقات کررہے ہیں

طوفانی بارشوں سے ملک بھر میں تباہی، 14 افراد جاں بحق

سوات میں سیف اللہ جھیل میں کشتی ڈوب گئی، جس سے 6 سیاحوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوگئی، لاشیں نکال لی گئیں، آخری اطلاعات تک ایک لاپتہ خاتون کی تلاش جاری تھی، جاں بحق تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا دوحرائف میں دیوار اور چھت گرنے کے واقعات میں 2 بھائیوں سمیت 3 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہوگئے، دیربالا میں آسمانی بجلی گرنے سے مدرسے کی 20 طالبات زخمی ہوگئیں۔ ڈوب میں بارش کے دوران چھتیں گرنے سے خاتون اور ایک بچہ جاں بحق ہوئے، گنجیال قائد آباد میں آسمانی بجلی گرنے سے شہری دم توڑ گیا

لنڈی کوتل میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 بچے جاں بحق اور 4 زخمی ہوگئے، دیربالا میں آسمانی بجلی گرنے سے مدرسے کی 20 طالبات زخمی ہوگئیں۔ ڈوب میں بارش کے دوران چھتیں گرنے سے خاتون اور ایک بچہ جاں بحق ہوئے، گنجیال قائد آباد میں آسمانی بجلی گرنے سے شہری دم توڑ گیا۔ ایبٹ آباد میں برساتی نالے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لاہور (کوئٹہ ارشاد (این این آئی) طوفانی بارشوں نے ملک بھر میں تباہی مچا دی، بارشوں اور سیلابی صورتحال سے کم از کم 14 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سوات میں سیف اللہ جھیل میں کشتی ڈوب گئی جس سے 6 سیاحوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوگئی لاشیں نکال لی گئیں، آخری اطلاعات تک ایک لاپتہ خاتون کی تلاش جاری تھی، جاں بحق تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا دوحرائف میں دیوار

نظام انصاف میں قیدیوں کے حقوق بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

جیلوں کی بہتری صوبائی حکومتوں کی آئینی ذمہ داری، انصاف کی موثر فراہمی کیلئے عملدرآمد پر توجہ ضروری ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

عدالتی نظام میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ عوام کا نظام انصاف پر اعتماد مزید مضبوط ہو

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ نظام انصاف میں قیدیوں کے حقوق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، جیلوں میں صحت کی سہولیات اور صاف پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جانی چاہیے۔ اصلاحات پر منعقدہ قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس نے تمام متعلقہ فورمز کو خوش آمدید کہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ کانفرنس کی سفارشات جیل

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وینزویلا میں تباہ کن زلزلوں کے بعد ایک ہفتے کے قومی سوگ کا اعلان، ہلاکتیں 230 سے تجاوز کرگئیں

اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ قدرتی آفت سے متاثر ہونے والے افراد کی مجموعی تعداد 68 کیلئے بحالی سخت ہے

سوگ کا اعلان کردیا ہے، جبکہ امدادی کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔ فیسکلی میڈیا بیورو کے مطابق

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مجھے اڈیالہ جیل میں 2424 گھنٹے قید تنہائی میں رکھا گیا، مریم نواز

جس کی گرفتاری دی جاتی ہے، جیل میں میری بھتیجی کے نہ تین سنیں، مجھے جیل جانا ہے، جیل میں میری بھتیجی کے نہ تین سنیں، مجھے جیل جانا ہے، جیل میں میری بھتیجی کے نہ تین سنیں، نے کہا کہ مجھے اڈیالہ جیل میں 24-24 گھنٹے قید تنہائی میں رکھا گیا، جیل میں جس پر گزرتی ہے وہی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پانی کے معاملے پر بھارت حد سے بڑھا تو پاکستان کے پاس موثر ردعمل کی صلاحیت ہے، مخدم دستگیر

بھارت نے آبی جارحیت کے معاملے پر عملی اقدامات بھی شروع کردیے ہیں، سینیٹر رہنما مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما انجینئر مخدم دستگیر نے کہا ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو صرف معطل کرنے کی بات نہیں کررہا بلکہ اس کی عملی سمت عملی پاکستان کو پانی سے محروم کرنے، روکنے اور ڈیم بنانے اور اجتماعی سزا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹیلی کام مزدور چوری و تار چوری 9,200 زائد واقعات، انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان ٹیلی لیڈیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے جیسے کی تائید کیلئے پراے آئی ٹی ویلی کا کی ڈیلی میٹی کو اپنی تحریری رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ ملک بھر میں یکم مارچ سے مارچ تک چوری، تار چوری اور ڈیزل چوری کے واقعات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث انٹرنیٹ اور موبائل سروسز کے تعطل کو شدید بحران کا سامنا ہے، رپورٹ کے مطابق تقریباً 11 ہزار کے درمیان

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے امیر مقام کی ملاقات، مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنی حکومت کے عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھانے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان امیر مقام نے منگلوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر برائے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایکشن کمیٹی کی ملاکنڈ میں ٹیکسوں کے نفاذ کی مخالفت، 5 جولائی کو احتجاجی جلسے کا اعلان

سیاسی جماعتوں، تاجر تنظیموں، کاروباری حلقوں کا حکومت سے خصوصی آئینی قانونی حیثیت برقرار رکھنے، مجوزہ ٹیکس فوری طور پر واپس لئے جائیں۔ اجلاس سوات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دفتر میں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سوئی گیس کے نئے ریٹ شیڈول کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج، آئینی لگات پر درخواست دائر

درخواست میں آرٹیکل 158 سمیت متعدد آئینی دفعات کا حوالہ، بلوچستان کے عوام کو گیس پر ڈبلی ٹیکس دینے کا مطلب

کوئٹہ (یو این اے) سوئی گیس کمپنی کی جانب سے جاری کیے گئے نئے ریٹ شیڈول کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کردی گئی ہے۔ یہ درخواست معروف قانون دان سید نزیر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن پہلی بار مذاکرات کیلئے سنجیدہ دکھائی دے رہی ہے، طارق فضل چوہدری

حکومت کو اپوزیشن کے باضابطہ جواب کا انتظار ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اپوزیشن پہلی بار مذاکرات کے لیے سنجیدہ دکھائی دے رہی ہے تاہم حکومت کو اب ان کے باضابطہ جواب کا انتظار ہے اور قومی اہمیت کے معاملات پر باتصمیم وتجیہ تیز بات چیت کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر طارق فضل

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

2027 مارک ٹیمرجی تیاریوں کیلئے اسلام آباد میں سیکرٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ، اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

حکومت کا 2027 مارک ٹیمرجی معیار کے مطابق کرانے کا عزم، اسپورٹس پیکیجز کی اپ گریڈیشن تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) کابینہ ڈویژن کے مطابق اسلام آباد میں ضروری طور پر سیکرٹریٹ قائم کیا جائے گا تاکہ تمام انتظامی، تکنیکی اور رابطہ امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت پاکستان میں 2027 مارک ٹیمرجی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کھیلوں کے اس بڑے بین الاقوامی ایونٹ کی تیاریوں کو تیز کرنے کے لیے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے عمر قید کو سزائے موت میں تبدیل کرنے کی اپیل مسترد کردی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے عمر قید کی سزا کو سزائے موت میں تبدیل کرنے سے متعلق اپیل

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزارت تجارت کا ایران کیساتھ خصوصی برآمدات کیلئے 6 روزہ خصوصی رعایت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت تجارت نے ایران کے ساتھ تجارت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے خصوصی برآمدی اشیاء پر 6 روزہ عارضی رعایت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی منظوری سے برآمدی پالیسی 2025 کی شق نمبر 3 کے تحت پیشہ تصویر انشرح

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مالی سال 2025-26 کیلئے ریونیو ہدف حاصل کرنا ایک تاریخی سنگ میل ہے

وزیر خزانہ

ایف بی آر نے گزشتہ مالی سال کے دوران 5991 ارب روپے کے ٹیکس ریفنڈز جاری کیے، جو کاروباری برادری اور برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا مظہر ہے

گزشتہ 6 ماہ کی سال کے دوران کے گئے اصلاحاتی اقدامات کے نتائج ہیں۔ دیکھا جانا چاہیے۔ محصرف میں ریلیف فراہم کرنے کے باوجود ایف بی آر نے ریونیو وصولیاں میں خاطر خواہ اضافہ کیا

ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر سید رشید محمود نگزئی اور نے چیف شرکت کی، جبکہ ایف بی آر بورڈ کے اراکین، سینئر افسران، چیف کمشنرز اور ملک بھر سے چیف کلکٹرز نے بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالی سال 2025-26 کیلئے ریونیو ہدف حاصل کرنا ایک تاریخی سنگ میل ہے، جسے گزشتہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محمود خان اچکزئی سے بیرسٹر گوہر علی خان کی ملاقات، کشمیر کی سیاسی صورتحال اور عوامی احتجاج پر تبادلہ خیال

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

توشہ خانہ نو کیس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر نیا بینچ تاحال تشکیل نہ پاسکا

اپیلوں پر سزا سر آئس کے اعتراضات دور کرنے سے متعلق 12 مارچ کی سماعت کا تحریری حکم جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں توشہ خانہ نو کیس میں بانی اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف دائر اپیلیں جسٹس خادم حسین سومرو کے بینچ سے منتقل کردی گئی ہیں جو ہم ذرائع کے مطابق چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے ان اپیلوں کی سماعت کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومتی دعوے بے بنیاد نکلے، پاور سیکٹر کے گردشی قرضوں میں تشویشناک اضافہ

10 ماہ میں قرضہ 18 ارب سے بڑھ کر 240 ارب تک پہنچ گیا، حکومت نے فنی فائنگ کرکے قرض میں 23 بلین کی کاوٹ کی تھا

کراچی (این این آئی) پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ مسلسل بڑھتا ہوا گردشی قرضہ ہونے کا حکومتی دعویٰ گورا نہیں نکلا، پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ مزید تیز ہوگیا، 10 ماہ میں قرضہ 18 ارب سے بڑھ کر 240 ارب روپے کی سطح پر پہنچ گیا، تفصیلات کے مطابق انکاسک پالیسی اینڈ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں وٹامن اور بیٹری اسٹوریج سسٹمز کے فارغ کیلئے چینی اور پاکستان کمپنی میں معاہدہ

مطابق بیٹری اسٹوریج سسٹمز کی خرید مقامی کمپنیاں کے تعاون پر تعاون ہوا، ذرائع کے مطابق کے ذریعے کے شیخ سرمایہ کاری انٹرپرائز فنڈ انتظام

کراچی (این این آئی) سولر (پرائیویٹ) لمیٹڈ، جو کے۔ الیکٹرک کی سرمایہ کاری کمپنی کے ای وینچرز کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا مکمل

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جیلوں کو اصلاح، بحالی اور انسانی وقار کے مراکز بنانا ہماری ترجیح ہے، مراد علی شاہ

سندھ کی جیلوں میں 4 ہزار کی گنجائش کے مقابلے میں 8 ہزار قیدی، اصلاحات ناگزیر ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ قیدی اگرچہ قانونی حرکت کی آزادی کا حق نہیں رکھتا، تاہم وہ تمام بنیادی انسانی حقوق کا مستحق ہے، اس لیے جیلوں کو محض سزا کے مراکز کے بجائے اصلاح، بحالی اور انسانی وقار کے مراکز کے تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں جیل اصلاحات کانفرنس سے خطاب کرتے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور سعودی عرب میں سیکیورٹی تعاون کا معاہدہ، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا ریاض میں 91 منٹر کا دورہ

ریاض (یو این اے) پاکستان اور سعودی عرب نے دونوں ممالک کے مابین سرحد تک شراکت داری اور دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے سیکیورٹی کے شعبے میں ایک اہم مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کردیے ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف نے ایس پر اپنی پوسٹ میں بتایا کہ انہوں نے اپنی داخلی تیاری کے تحت پاکستانی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لاہور فنی سکول میں قائم سمر کیمپ کی چھت گرنے سے بچہ جاں بحق، بچے سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے

پنڈی کے باہوز سکول میں سمر کیمپ جاری تھا، دس بچوں کو خلاف ثالثی کیا گیا، 6 خواتین بھی زخمی، مجرکیا ارزیر تراست

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے علاقے باغبانپورہ میں فنی سکول میں قائم سمر کیمپ کی چھت گرنے سے ایک بچہ جاں بحق جبکہ ایک بچے سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے، دس بچوں کو بحفاظت نکال لیا گیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسکول کی 6 خواتین ٹیچرز اور چوکیدار کو حراست میں لے لیا جبکہ وزیر اعلیٰ جناب مریم نواز شریف نے فنی

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا اسرائیل کو رام کرلے اور ہم ڈال دیں گے، ایرانی وزیر خارجہ

اگر اسرائیل نے اپنے آقا (امریکا) کے حکم کو نظر انداز کیا تو ایران انہیں خود اچھی طرح سبق سکھائے گا

اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے انتہائی اشتعال انگیز بیان دیا تھا کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای اسرائیل کے نشانے پر ہیں

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اپنے قومی مفادات اور قیادت کے تحفظ کے لیے تیار ہے اور کسی بھی قسم کی جارحیت کا فوری اور شدید جواب دے گا۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں عباس عراقچی نے اسرائیلی وزیر دفاع کی جانب سے دھمکی آمیز بیانات پر سخت ردعمل دیا ہے۔ اسرائیل کاٹز کے ایک بیان کا سکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے عباس عراقچی نے لکھا کہ اسلام آباد ہمیشہ مذکورہ کے ثبات بالکل واضح اور سب کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب سے ویکن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد ملاقات کررہا ہے

میزائل اور ڈرون پروگرام پر کوئی مذاکرات نہیں ہونگے، ایران

تہران قومی سلامتی سے متعلق معاملات پر اپنا موقف تبدیل کرنے کے لیے تیار نہیں، تجزیہ کار

ایران کی دفاعی، میزائل اور ڈرون صلاحیتیں قومی سلامتی کی ریڈ لائنز ہیں، قائمقام وزیر دفاع

تہران (این این آئی) ایران کے قائم مقام وزیر دفاع نے واضح کردیا ہے کہ ملک کی دفاعی صلاحیتیں، میزائل پروگرام اور ڈرون ٹیکنالوجی قومی سلامتی سے متعلق بنیادی معاملات ہیں، جن پر امریکا سمیت کسی بھی ملک کے ساتھ مذاکرات نہیں کیے جائیں گے۔ فیسکلی میڈیا بیورو کے مطابق ایران کے قائم مقام وزیر دفاع جنرل امیر حاتمی نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کی دفاعی، میزائل اور ڈرون صلاحیتیں قومی سلامتی کی ریڈ لائنز ہیں اور ان پر کسی بھی مرحلے پر بات چیت یا سمجھوتہ ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نہ صرف اپنے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آیت اللہ خامنہ ای کی تدفین 2 کروڑ لوگوں کی آمد متوقع

روس، چین، پاکستان، بھارت، جارجیا اور کیوبا کے بڑے رہنما اور نو ممالک کے مذہبی پیشوا شرکت متوقع

یہ رسومات ہفتے سے شروع ہوں گی، تہران کے بڑے مصلیٰ کمپلیکس میں ان کا جسد خاکی رکھا جائیگا، رپورٹ

امریکا کا مقبوضہ بیت المقدس میں مستقل سفارتخانہ تعمیر کرنے کیلئے معاہدہ

امریکی سفارت خانہ جنوبی مقبوضہ بیت المقدس میں واقع اطالوی کمپاؤنڈ میں تعمیر کیا جائے گا

تل ابیب (این این آئی) امریکا نے مقبوضہ بیت المقدس میں نیا اور مستقل سفارت خانہ تعمیر کرنے کے لیے باضابطہ معاہدہ پر دستخط کردیے۔ تقریب کے دوران اسرائیل کے وزیر خارجہ گیدئون ساعر اور اسرائیل میں امریکا کے سفیر مائیک ہکابی نے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خضدار کے علاقے نوامیں طوفانی بارش کے باعث مکان کی دیوار گرگئی، ایک بچہ جاں بحق، چار شدید زخمی

بارش کے دوران محمد زئی قبائل کے گھر میں پیش آنے والے المناک حادثے پر علاقے میں سوگ، زخمی بچوں کو اسپتال منتقل کردیا گیا

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کے مضافاتی علاقے نوامیں طوفانی بارش کے دوران مکان کی دیوار گرنے سے ایک اسوسیٹ حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق جبکہ چار دیگر شدید زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ہونے والی

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مالی سال 202526 میں پاکستان کا تجارتی خسارہ بڑھ کر 39.47 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

برآمدات میں کمی، درآمدات میں نمایاں اضافہ؛ جون 2026 میں تجارتی خسارہ 57 فیصد بڑھ گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے مالی سال 202526 کے دوران تجارتی خسارے میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہا۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ عبوری تجارت

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں انٹرنیٹ سروسز متاثر، تعطل کی وجوہات کا تعین جاری، پی ٹی اے

اسلام آباد (آن لائن) ملک کے مختلف حصوں میں گزشتہ شب انٹرنیٹ سروسز متاثر ہونے کی اطلاعات موصول ہوئیں، جس کے بعد پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ تعطل کی وجوہات کا تعین کیا جارہا ہے۔ ذرائع پی ٹی اے کے مطابق انٹرنیٹ سروسز میں آنے والے تعطل کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں تاکہ اصل وجوہات کا تعین کیا جاسکے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ صباء کوئٹہ
Daily SABA Quetta
صفحہ نمبر 04

پٹرول 225 روپے فی لیٹر کیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

پٹرولیم لیوی کا کوئی قانونی اور اخلاقی جواز موجود نہیں، اس لئے اسے مکمل طور پر ختم کیا جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں جنگ سے پہلے کی سطح پر واپس آچکی ہیں، اس لیے حکومت فوری طور پر پٹرول کی قیمت کم کرکے 225 روپے فی لیٹر مقرر کرے اور نئی سطح پر قیمتوں میں ہونے والی کمی کا مکمل فائدہ عوام تک پہنچائے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل سستا ہونے کے باوجود ہوشربا مہنگائی مسلط کرنا عوام دشمن فیصلہ ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مفادات کے تحفظ کے بجائے عوامی مفاد کو ترجیح دے اور تیل کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچائے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری کردہ بیان میں حافظ نعیم الرحمٰن نے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں تیل سستا ہونے کے باوجود مصنوعی قلت پیدا کرنا عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید مہنگائی کا بوجھ ڈالنے کی کوشش ہے، پٹرولیم لیوی کا کوئی قانونی اور اخلاقی جواز موجود نہیں، اس لیے اسے مکمل طور پر ختم کیا جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹ کے کرایوں، خوراک پینے کی اشیا

بقیہ 41 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں ماڈل میٹیز کے حوالے سے منعقدہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں تعینات متعدد ڈاکٹرز کئی ماہ سے غیر حاضر، مریض مشکلات کا شکار

غیر حاضر ڈاکٹرز کو فوری طور پر اپنی جائے تعیناتی پر حاضر کیا جائے، میر عنایت بجارانی مری

کوہلو (پ ر ا ی) بلوچستان کے ضلع کوہلو سے تعلق رکھنے والے قبائلی و سیاسی رہنما میر عنایت بجارانی مری نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کوہلو میں متعدد ماہ سے ڈاکٹروں کی تعیناتی عمل میں لائی گئی تھی، تاہم کئی ماہ گزرنے کے باوجود متعدد ڈاکٹرز نے تاحال اپنی جائے تعیناتی پر حاضری نہیں دی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں کی مسلسل عدم حاضری کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بالخصوص تحصیل کاہان، ماہوتر اور گرسنہ سمیت دور دراز علاقوں سے عام لوگ کی غرض سے آنے والے مریض مناسب طبی سہولیات نہ ملنے کے باعث مایوس ہو کر واپس جانے پر مجبور ہیں۔

کلی میں گیارہ ہزار کے وی بجلی لائن کی تاریں چوری، متعدد دیہات شدید گرمی میں بجلی سے محروم

جھل (پ ر ا ی) ضلع جھل کی تحصیل بھاگ کے علاقے تھلکڑی سے پوشن کیل محرم تک جانے والی گیارہ ہزار کے وی بجلی لائن کی تاریں نامعلوم افراد کاٹ کر لے گئے، جس کے باعث متعدد دیہات شدید گرمی میں بجلی سے محروم ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق کوشت رات بھاگا نامی کے چھلکڑی نیا بہرام اور جانے والی بجلی لائن پر کوٹھو ذریعہ آباد کے مقام پر تقریباً آٹھ سے دس بجلی کے کھمبوں کی تاریں غائب کر دی گئیں۔ مقامی افراد کے مطابق ملزمان موٹر سائیکلوں پر آئے اور واردات کے بعد فرار ہو گئے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اس سے قبل بھی کنداوہ، بھاگا نامی، چھلکڑی، نکلوئی اور بالاتری لیزی فیڈر کی بجلی کی تاریں کئی مرتبہ چوری ہو چکی ہیں، تاہم ایسے سنگین واقعات میں کمی نہیں آئی۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے نئے ڈی آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی تاریں چوری کرنے والے عناصر کو فوری گرفتار کیا جائے۔

جاپانی قونصل جنرل ندیم شاہ سے ٹیکسٹائل سیکٹر کے وفد کی ملاقات

عمران اکمو کھر، خواجہ بلال حسن کی ٹیکسٹائل سیکٹر میں جاپان کے تجربے سے مستفید ہونے کا عزم

کوئٹہ (پ ر ا ی) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سے عام شاہ سے ای سی او اور سلک ریے ٹیکسٹائل عمران اکمو کھر کی ہی او اور پوٹی ٹیکنو خواجہ بلال حسن اور ٹیکسٹائل ماہر خواجہ منظار نے ملاقات کی اس موقع پر ٹیکنیکل ماہر ریگیلیٹر حزب اللہ خان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ٹیکسٹائل سیکٹر سمیت کاروباری برادری کا آپس میں معاشی رابطہ کو مستحکم کرنے پر کنسلٹی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی ای او، سلک ریے ٹیکسٹائل عمران اکمو کھر کی ہی او اور پوٹی ٹیکنو خواجہ بلال حسن نے بتایا کہ کوہزا نوالہ کی ٹیکسٹائل انڈسٹری بھی برآمدات میں نمایاں کردار ادا کرتی ہے، ٹیکسٹائل انڈسٹری پاکستانی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔

کوئٹہ کی ہزارہ ٹاؤن سبزی منڈی کے مین گیٹ پر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی (ایچ ڈی پی) کے زیر اہتمام ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے کارکنان اور عہدیداران کی بڑی تعداد نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ جب تک ان کے مطالبات کو باریاب نہیں کرایا جاتا، احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ احتجاج کے دوران ایک ضعیف والدہ قرآن پاک ہاتھ میں اٹھائے اپنے بیٹے کی بازیابی کے لیے سڑک پر موجود رہیں۔

علماء اور ڈی کے تعلیمی اداروں سے اساتذہ کی آسامیاں منتقل کرنا ناانصافی ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (پ ر ا ی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی (ایچ ڈی پی) کے تعلیم کے جاب سے علماء اور ڈی کے سرکاری تعلیمی اداروں کی اساتذہ کی آسامیاں ختم کرکے دیگر علاقوں میں منتقل کرنے کے اقدام کو مخصوص علاقوں کے ساتھ زیادتی قرار دیتے ہوئے فیصلہ فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم میں بیدہ طور پر تبدیلی، لسانی اور علاقائی تعصبات کی بنیاد پر ہزارہ قوم اور کے شہریوں کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جا رہا ہے۔

خضدار میں دو افراد کے لاپتہ ہونے پر لواحقین کا احتجاج، جھالاوان کمپلیکس کے قریب شاہراہ بلاک

لاپتہ افراد کی فوری بازیابی تک احتجاج جاری رہے گا، لواحقین کا مطالبہ

خضدار (پ ر ا ی) خضدار کے علاقے جھالاوان کمپلیکس کے قریب دو افراد کے لاپتہ ہونے پر ان کے لواحقین نے احتجاج کرتے ہوئے مرکزی شاہراہ بلاک کر دی، جس کے باعث ٹریفک کی آمد و رفت متاثر ہوگئی۔ احتجاج میں خواتین، بچے، بزرگ اور دیگر شہری بڑی تعداد میں شریک ہوئے، جنہوں نے سڑک پر دھرنا دے کر لاپتہ افراد کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ جب تک ان کے پیاروں کو بازیاب نہیں کرایا جاتا، احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ احتجاج کے دوران ایک ضعیف والدہ قرآن پاک ہاتھ میں اٹھائے اپنے بیٹے کی بازیابی کے لیے سڑک پر موجود رہیں۔

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں کا سردار عارف خان سرگڑہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار

سردار عارف خان سرگڑہ کی وفات قومی و سماجی حلقوں کے لیے بڑا نقصان ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (پ ر ا ی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری تعزیتی بیان میں سردار عارف خان سرگڑہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے خاندان، دوستوں اور قومی حلقوں کے لیے ناقابل تلافی نقصان قرار دیا گیا ہے۔ بیان کے مطابق سردار عارف خان سرگڑہ، مرحوم سردار شیر خان سرگڑہ کے فرزند، سردار آصف خان سرگڑہ کے بھائی، علی شہید عثمان خان کاکڑ کے چچا زاد بھائی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین درگی قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ کے چچا، سردار حنیف خان سرگڑہ کے بھائی، سردار زمان خان کاکڑ اور سردار ماشر خان کے چچا زاد بھائی تھے۔ بیان میں سردار عارف خان سرگڑہ کے والد حاجی، جو دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ سردار عارف خان سرگڑہ ایک باوقار، منکسر المزاج اور ہر دلعزیز شخصیت تھے، جنہوں نے اپنی زندگی خاندانی، سماجی اور قومی روایات کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی، اور ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔

بلوچستان ہائیکورٹ میں متوفی کی عدالتی اسامیوں پر تعینات ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ کا انکشاف، کوئٹہ کی ہزارہ کمیونٹی کو نظر انداز کیا جائے تو ناانصافی، اقلیتی امور کی وفاقی وزارت کو نوٹس

بی این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ میں متوفی کی عدالتی اسامیوں پر تعینات ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ کا کہنا ہے کہ ہزارہ کمیونٹی کو نظر انداز کیا جائے تو یہ ناانصافی ہوگی، اقلیتی امور کی وفاقی وزارت کو نوٹس لینا چاہیے۔ بی این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ میں متوفی کی عدالتی اسامیوں پر تعینات ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ کا کہنا ہے کہ ہزارہ کمیونٹی کو نظر انداز کیا جائے تو یہ ناانصافی ہوگی، اقلیتی امور کی وفاقی وزارت کو نوٹس لینا چاہیے۔ ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان ہائیکورٹ میں متوفی کی خالی 8 اسامیوں پر تقرری کے عمل میں ہزارہ کمیونٹی کے قابل وکلاء کو بھی تعینات کیا جائے، کیونکہ ہائی کورٹ میں اس وقت بھی ہزارہ کمیونٹی کے وکلاء کی نمائندگی بالکل نہیں ہے، اور ماضی میں بھی اس کمیونٹی کے وکلاء کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس طرح کوئٹہ کی ہزارہ کمیونٹی کو ہائیکورٹ میں اس وقت بھی نمائندگی نہیں دی جا رہی۔ ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ نے کہا کہ ہزارہ کمیونٹی کے وکلاء کو ہائیکورٹ میں نمائندگی دی جائے تو یہ ناانصافی ہوگی، اقلیتی امور کی وفاقی وزارت کو نوٹس لینا چاہیے۔ ایڈووکیٹ زاہد کاکڑ نے کہا کہ ہزارہ کمیونٹی کے وکلاء کو ہائیکورٹ میں نمائندگی دی جائے تو یہ ناانصافی ہوگی، اقلیتی امور کی وفاقی وزارت کو نوٹس لینا چاہیے۔

13 ایم پی او کے تحت کارروائی سیاسی نہیں، امن و امان برقرار رکھنے کیلئے قانونی اقدام ہے، نور محمد مہر

یہ پوائنٹ الزامات کے بجائے عدالت سے رجوع کرے، حکومت کی سیاست خدمت اور قانون کی بالادستی پر مبنی ہے

کوئٹہ (پ ر ا ی) سمو ہالی و ڈیرہ خوراک حالی نور محمد خان مہر کے ترجمان نے جمعیت علماء اسلام کے بعض رہنماؤں کی جانب سے دلاور خان کاکڑ اور بکر کے حوالے سے جاری بیان کو حقائق کے برعکس، گمراہ کن اور سیاسی ہمدردیاں حاصل کرنے کی ناکام کوشش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ افراد کے خلاف کارروائی سیاسی انتقام نہیں بلکہ عمومی امن و امان یعنی کی ہے، پورٹ اور قانون توڑنے والے اداروں کی خلاف پاکستان پلیٹ فارم آف پیک آرڈر آرڈیننس 1960 کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ تین ایم پی او کے تحت کی گئی کارروائی کا مقصد عوام کا تحفظ اور امن و امان کو یقینی بنانا ہے، جب کہ کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں رکھا جا سکتا۔ ترجمان نے کہا کہ حکومت کی سیاست خدمت اور قانون کی بالادستی پر مبنی ہے اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں رکھا جا سکتا۔ ترجمان نے کہا کہ

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: (081-2830286
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

بھارتی آبی جارحیت ناقابل برداشت ہے

دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی، علاقائی سلامتی، ایران و ترکیہ کے ساتھ اعلیٰ سطح روابط، دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور سندھ طاس معاہدے سمیت متعدد اہم امور پر پیش رفت جاری ہے۔ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ افغانستان اور بھارت سمیت تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے ہیں، تاہم قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ بھارتی آبی جارحیت ناقابل برداشت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کہا وزیراعظم شہباز شریف آج سے ایران اور ترکیہ کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ وہ ایران میں سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تعزیتی تقریب میں شرکت کریں گے اور پاکستانی عوام وحکومت کی جانب سے اظہار یکجہتی کریں گے۔ بعد ازاں وزیراعظم ترک صدر رجب طیب اردوان کی دعوت پر استنبول جائیں گے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار بھی ان کے ہمراہ ہوں گے۔ ترجمان نے کہا پاکستان ایران کے ساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ وزیراعظم کا دورہ دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال کے تناظر میں اہم ہے۔ امریکہ ایران مذاکرات بارے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ایرانی حکام سے مسلسل رابطے برقرار رکھے ہیں۔ دوحہ مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ فریقین نے بات چیت جاری رکھنے اور اعلیٰ سطح مواقع کے بعد مزید مذاکرات پر اتفاق کیا ہے۔ ملک میں دہشتگردی کے خلاف جاری کارروائیوں بارے ترجمان نے بتایا پاکستان میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز تیز کر دیے گئے ہیں۔ خیبر پختونخوا، بلوچستان اور کراچی میں کارروائیاں جاری ہیں۔ ان کارروائیوں کے دوران باجوڑ آپریشن میں 4 دہشت گرد ہلاک ہوئے ہیں۔ ہلاک دہشت گردوں میں کالعدم ٹی ٹی پی اور جماعت الاحرار کے عناصر شامل تھے۔ ترجمان نے دوٹوک موقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی سرزمین اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ افغانستان سے پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان کا کہنا تھا 29 جون کو افغان ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کر کے سخت احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ پاکستان کا مؤقف واضح ہے کہ دہشت گردی میں افغان سرزمین کے استعمال کے شواہد موجود ہیں۔ ایک افغان حملہ آور کو زندہ گرفتار بھی کیا گیا۔

عالمی سیاسی معیشت کے داؤ و پیچ

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاو، امریکا ایران کشیدگی، بگلی توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات نے پاکستان کے درآمدی بل پر گہرا اثر ڈالا ہے اور پاکستان سب سے زیادہ تیل کے بڑھتے ہوئے درآمدی بل سے کھائل ہوتا چلا آ رہا ہے۔ ! بنائے ہرمز میں کشیدگی ہو یا مشرق وسطیٰ میں تیل کی اپلیل ہو بھی پیداوار میں کمی کر دی جاتی ہے اور کبھی

محمد ابراہیم خلیل

عالمی سیاست میں کہیں بھی کشیدگی اثر آتی ہے تو اس کے ساتھ ہی تیل کی عالمی قیمت متاثر ہوتی ہے۔ تیل دنیا بھر کی حکومتوں کی ضرورت ہے، اس کے ساتھ ہی پاکستان کی ضرورت روز بہ روز بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ اوپیک کی پیداواری پالیسی یا مشرق وسطیٰ کے جغرافیائی تنازعات، تیل کی عالمی تجارتی راستوں کی غیر یقینی صورت حال نے تیل کو سب سے پہلے اور سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔ دنیا کی معیشتوں نے ان مواقع سے زبردست فائدہ بھی اٹھایا جب 2020 میں تیل کی عالمی قیمت بھی 30 ڈالر کی تھی۔ انھوں نے اپنے سارے ذخائر بھر لیے تھے اور اب بھی بہت سے ملکوں کے پاس ذخیرہ کرنے کی اتنی صلاحیت ہے کہ وہ کئی مہینوں تک اپنی معیشت وصنعت کو چلا سکتے ہیں۔ پاکستان کا مسئلہ کچھ ایسا ہے کہ تیل کی قیمت بڑھتی ہے یا تیل کی ترسیلات میں رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں تو درآمدی بل بڑھتا ہے۔ ادھر تجارتی خسارہ بڑھتا ہے جس سے زرمبادلہ کے ذخائر فوراً دباو ! میں آجاتے ہیں۔ ملک بھر میں تیل کی سپلائی کی رکاوٹ سے سنسنی خیزی پھیل جاتی ہے۔ روپے کی قدر متاثر ہوتی ہے، مہنگائی میں اضافہ ہو کر مرغے مہنگی ہو کر رہ جاتی ہے، سب سے پہلے بجلی کمپنیاں عوام پر بجلی بم گراتی رہتی ہیں۔

حکومت بھی مجبور ہے ایک طرف آئی ایم ایف کا حکم نامہ ہوتا ہے کہ مالیاتی خسارہ کم کیا جائے، اس کے ساتھ اگر پٹرول کی نرخ بڑھتے ہیں تو بھی حکومت اپنی یا بگلی ضروریات پوری کرنے کے لیے بھاری مقدار میں تیل درآمد کرتی ہے۔ ابھی اپریل 2026 کی بات ہے جب تاریخ میں پہلی بار پاکستان کا ماہانہ پٹرولیم مصنوعات کا درآمدی بل 2 ارب 27 کروڑ 3 لاکھ ڈالر تک جا پہنچا تھا۔ اس وقت ایران امریکا کے درمیان جس طرح کے حالات چل رہے ہیں۔ اس صورت میں اگر خام تیل کی قیمت دوبارہ 90 یا زیادہ تک چلی جاتی ہے تو پاکستان کا درآمدی بل پھر سے 2 ارب ڈالر کے اردگرد گردش کرتا رہے گا جس کے ممکنہ نتائج کے باعث کرنٹ اکاو ! نٹ خسارہ بڑھتے ہی آئی ایم ایف کا ضد بھی بڑھ سکتا ہے۔

روپے پر دباو ! ہی اضافے کے باعث آئی ایم ایف کا عالمی معیشت پر دباو ! بھی بڑھ سکتا ہے۔ مہنگائی دوبارہ دو ہندسوں میں جانے کے باعث عوام پر مہنگائی بم گرتے چلے جائیں گے۔ ایسی صورت میں تنخواہ دار طبقہ پنشن یافتہ طبقہ جو پہلے ہی کم خوراک، بلند کرایہ مکان سے تنگ، ادویات کی کمی کا شکار اور غربت میں اضافے کے باعث غربت کی گہری کھائی میں گر جاتا ہے، جب گزشتہ برس غربت کی شرح 21 فی صد تھی اب 29 فی صد ہے تو مزید غربا کی تعداد میں اضافہ ہو کر ایک تہائی سے زائد اور اگر یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو بہت جلد نصف سے زائد ہو جائیں گے۔ نصف سے زائد تو شاید کسی کے لیے اچھی بات ہو سکتی ہے کیونکہ اس طرح کم از کم غریبوں کا پلہ بھاری رہے گا۔ جب عوام کی اکثریت اتنی زیادہ ہو جائے گی تو ہو سکتا ہے حکومت کو جمہوریت کا خیال آ جائے اور اکثریت کی بات منانا شروع کر دے، بہرحال جو بھی ہو اللہ بھلا کرے گا۔

جی ہاں امید ہے اگر حکومت ان کے متبادل پر غور کرے تو شاید معیشت کو سانس لینے کا کوئی موقعہ مل سکتا ہے۔ تیل، گیس کے نئے ذخائر کچھ دریافت ہو چکے ہیں اور کچھ مزید امکانات موجود ہیں۔ سولے سے بجلی پیدا کرنے اور سولر انرجی سے فائدہ اٹھانے کے بہت زیادہ مواقع موجود ہیں۔ غیر ضروری استعمال کم کرنا دراصل ایندھن پر درآمدی بل کو کم کرنا ہے۔ حکومتی نگرانی میں پبلک ٹرانسپورٹ زیادہ سے زیادہ چلائی جائیں۔ اس سلسلے میں کئی سالوں سے حکومت سندھ نے کراچی کی سڑکوں پر بہت سی لال بسوں کا اضافہ کیا ہے لیکن بہت کم اسٹاپس کو شامل کیا گیا ہے۔ بہت سے لوگوں کا کہنا ہے کہ گلستان جوہر بلاک 2 کے قریب اہم ترین اسٹاپ سا سولی مارکیٹ کا مقرر کیا جائے جس کے لیے ضروری ہے کہ "مسجد نمرہ" کے قریب طاہر پارک کے قریبی اسٹاپ سے ہو کر سا سولی مارکیٹ کے اسٹاپ سے کامران چورنگی سے آگے شہر تک بسیں چلائی جائیں جس سے ہزاروں افراد مستفید ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں ان بسوں کی تعداد بڑھائی جائے۔

بلدیاتی نظام

محمد سعید آرائیں

پی پی چیئرمین نے مسلم لیگ (ن) اور وفاقی و پنجاب حکومتوں پر جو تنقید کی ہے اور چیلنج دیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے، بلاشبہ پنجاب و اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن وقت کی ضرورت ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ مسلم لیگ (ن) ہو، پیپلز پارٹی ہو یا پی ٹی آئی، سب بااختیار بلدیاتی نظام کے حق میں نہیں ہیں اور ارکان اسمبلی کو بااختیار بلدیاتی نظام پر ترجیح دیتی آئی ہیں اور بلدیاتی نمائندوں کو نظرانداز کر کے ارکان اسمبلی کو ترقیاتی فنڈ کے نام پر نوازنے پر یقین رکھتی ہیں۔

پیپلز پارٹی سندھ جس بلدیاتی نظام پر فخر کر رہی ہے، وہ پیپلز پارٹی کا دیا ہوا نہیں بلکہ 1979 میں جنرل ضیاالحق کا کمزور اور بے اختیار بلدیاتی نظام ہے 1979 کا بلدیاتی نظام سندھ کے موجودہ بلدیاتی نظام سے کہیں بہتر اور بااختیار تھا، پیپلز پارٹی نے بھی 1979 اور 1987 کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیا تھا جب کہ 1983 کے بلدیاتی الیکشن کا بائیکاٹ کیا تھا۔ پیپلز پارٹی کے بلدیاتی چیئرمینوں نے سندھ میں فوجی گورنر جنرل عباسی اور جنرل ضیاالحق کے سندھ کے دورے میں ان کے پروگراموں کا بائیکاٹ کیا تھا مگر فوجی حکومت میں بائیکاٹ کرنے والوں کو کچھ نہیں کہا گیا تھا۔

سندھ میں جو کمزور بلدیاتی نظام چل رہا ہے، اس میں بلدیاتی عہدیداروں کی اتنی جرات نہیں کہ وہ بلدیات کے وزیر تو کیا ڈپٹی کمشنر کے طلب کردہ اجلاس کا بھی بائیکاٹ کر سکیں۔ سندھ میں وزیر بلدیات بہت اہمیت رکھتا ہے جس کے اندرون سندھ کے دورے میں خیر مقدمی بینرز لگتے ہیں اور ان کا شان دار استقبال کر کے خوشامد کی جاتی ہے۔ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی کا میئر سندھ حکومت نے جس طرح غتیب کرایا تھا اس کا سب کو پتا ہے۔

جمہوریت اور عوام کی آزادی کی دعویدار پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا حکومت نے بھی اپنے صوبے میں بے اختیار اور کمزور بلدیاتی نظام دے رکھا ہے۔ کے پی کے منتخب نمائندے فنڈز اور اختیارات نہ ملنے پر مسلسل احتجاج کرتے آ رہے ہیں۔ کے پی میں پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے بلدیاتی عہدیداروں کے آئینی اختیارات پی ٹی آئی حکومت نے سلب کر رکھے ہیں اور انھیں قانونی فنڈز بھی نہیں دیے جا رہے جہاں ان کی مدت بھی پوری ہونے جا رہی ہے مگر اختیارات نہیں مل رہے۔

2018 میں پنجاب میں بلدیاتی اداروں کی سربراہی واضح طور پر (ن) لیگ کے پاس تھی۔ پنجاب 2022 میں پنجاب میں پی ٹی آئی حکومت ختم ہوئی تھی جس کے بعد تقریباً سوا تین سال (ن) لیگی حکومت رہی اور اب تقریباً ڈھائی سال سے مریم نواز وزیراعلیٰ ہیں، پنجاب میں بلدیاتی سسٹم پنجاب اسمبلی نے منظور تو کر رکھا ہے مگر بلدیاتی الیکشن نہیں کرائے جا رہے۔ اب مسلم لیگ (ن) کو بلاول بھٹو کا چیلنج قبول کرنا چاہیے مگر نہیں کرے گی۔

سیاسی تحریکوں کے دوررس نتائج

سیاسی تحریکوں کے نتیجے میں عوام کو حقوق ملتے ہیں۔ ہندوستان کے عوام نے 21 ویں صدی کی پہلی تین دہائیوں میں تاریخی سیاسی تحریکیں چلائیں۔ ان میں خلافت تحریک اور ہندوستان چھوڑ دو

ڈاکٹر توصیف احمد خان

تحریکیں انتہائی اہم تھیں۔ ان تحریکوں میں لاکھوں افراد جیلوں میں گئے، ہزاروں افراد نے برطانوی حکومت سے ملنے والے اعزازات واپس کر دیئے اور سرکاری ملازمتیں چھوڑ دیں۔

امرتسر کے جلیانوالہ باغ میں جنرل ڈائر نے ہندوستانی عوام کا قتل عام کیا۔ نیوی کی بغاوت میں برطانوی فوج کی فائرنگ سے سیکڑوں سپاہی جاں بحق ہوئے اور بہت سے فوجیوں کو کورٹ مارشل کا سامنا کرنا پڑا۔ برطانوی ہند کی حکومت نے ان تحریکوں کے رہنماؤں پر غداری، روسی ایجنٹ اور کمیونسٹ ہونے کے الزامات لگائے۔ دوسری جنگ عظیم کے خاتمے پر ان تحریکوں کے ہی اثرات تھے کہ برطانیہ نے ہندوستان چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ برصغیر کا بٹوارہ ہوا اور دنیا کے نقشے پر دو ملک وجود میں آئے۔ پاکستان بننے کے بعد بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے نئی تحریکیں چلائی گئیں۔

مشرقی بنگال کے عوام نے بنگالی زبان کو سرکاری زبان قرار دینے کی تحریک شروع کی تو کراچی کی حکومت نے اس تحریک کو کچلنے کا فیصلہ کیا۔ حکومت نے سرکاری اخبارات کے ذریعے بنگالی زبان کے لیے تحریک چلانے والوں کو غدار اور بھارت کا ایجنٹ قرار دیا۔ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو پابند سلاسل کیا گیا۔ ڈھاکہ میں 21 فروری 1952 کو بنگالی زبان کے مطالبہ کو منوانے کے لیے نکالے جانے والے جلوس پر پولیس نے اندھا دھند گولیاں چلائیں، اس فائرنگ سے بہت سے طالب علم جاں بحق ہوئے۔ ڈھاکہ کی حکومت نے اس صورتحال کی ذمے داری بھارتی ایجنٹوں اور علیحدگی پسند عناصر پر عائد کی مگر پھر حکومت کو اس مطالبہ کو تسلیم کرنا پڑا اور اردو کے ساتھ بنگالی زبان کو بھی قومی زبان کا درجہ دینا پڑا۔

اقوام متحدہ کے ادارہ یونیسکو نے 1999 میں 21 فروری کو مادری زبان کا عالمی دن قرار دیا۔ اب 21 فروری کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں مادری زبانوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم سیاسی تحریک ون یونٹ کے خاتمہ کی تحریک ہے۔

کراچی کی حکومت نے 1955 میں سندھ، پنجاب، سابقہ صوبہ سرحد اور بلوچستان کی حیثیت ختم کر کے ون یونٹ قائم کیا اور 1955 کے آئین میں Parity کا اصول نافذ کر کے مشرقی پاکستان کی اکثریت کو ختم کر دیا گیا۔ سندھ، بلوچستان اور سرحد کے سیاسی رہنماؤں نے ون یونٹ کو قبول نہیں کیا۔ سرحد میں خان عبدالغفار خان، ولی خان، بلوچستان سے عبدالصمد اچکزئی، میر غوث بخش بزنجو اور سردار عطاء ! ؟ مینگل، سندھ سے جی ایم سید، قاضی فیض محمد، حیدر بخش جتوئی اور کمیونسٹ رہنما جام ساقی نے ون یونٹ کے خاتمے کی تحریک مسلسل چلائی۔ پنجاب سے میاں افتخار الدین اور حبیب جالب وغیرہ اس تحریک میں شامل ہوئے۔ مرکزی حکومت نے ون یونٹ کی مخالفت کرنے والوں کو ملک دشمن اور بھارت اور روس کا ایجنٹ وغیرہ قرار دیا۔

ان رہنماؤں کو طویل عرصہ قید وبند کی صعوبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ایوب خان کے خلاف جب 1968 میں تحریک چلائی گئی تو اس میں ون یونٹ کے خاتمے کا مطالبہ شامل تھا۔ جنرل یحییٰ خان نے یکم جولائی 1970 کو ون یونٹ ختم کرنے اور چاروں صوبوں کی بحالی کا فیصلہ کیا۔ ایوب خان نے 1958 میں مارشل لاء نافذ کر کے اقتدار پر قبضہ کیا اور 1955 کا آئین منسوخ کر کے 1962 میں ایک نیا آئین نافذ کیا۔ اس آئین میں تمام اختیارات صدر کے گرد گھومتے تھے۔ بی ڈی نظام نافذ کیا گیا۔ اس نظام کے تحت پورے ملک سے 80 ہزار بی ڈی ممبرز 40 ہزار مغربی پاکستان سے اور 40 ہزار مشرقی پاکستان سے منتخب ہوئے۔ جب محترمہ فاطمہ جناح نے ایوب خان کے خلاف صدارتی انتخاب لڑا تو ایوب خان اور اس کے ساتھیوں نے فاطمہ جناح اور ان کے ساتھیوں ممتاز دولتانہ، نصر ! ؟ خان، ولی خان، شیخ مجیب الرحمٰن اور میر غوث بخش بزنجو وغیرہ کو بھارت کا ایجنٹ اور ملک دشمن قرار دیا۔ حکومت نے فاطمہ جناح کی کردار کشی کے لیے جہازی سائز کے اشتہارات شائع کیے۔ انتخابات میں دھاندلی سے محترمہ فاطمہ جناح کو ہرایا گیا مگر 1968 میں ہائیں بازو کی طلبہ تنظیم این ایس ایف کے کارکنوں نے تحریک شروع کی جو پورے ملک میں پھیل گئی اور 1969 میں ایوب خان نے اپنا آئین خود منسوخ کیا اور اقتدار جنرل یحییٰ خان کو منتقل کر دیا۔

جنرل یحییٰ خان نے تاریخ میں پہلی دفعہ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر انتخابات کرائے۔ ان انتخابات میں مشرقی پاکستان سے عوامی لیگ، سندھ اور پنجاب سے پیپلز پارٹی جب کہ سرحد و بلوچستان سے نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام کامیاب ہوئیں۔ جنرل یحییٰ خان نے اقتدار عوامی لیگ کو منتقل نہیں کیا۔ اس صورتحال کا منطقی نتیجہ 16 دسمبر 71 کو سامنے آیا۔ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن گیا۔ جب سابق صدر پرویز مشرف بنگلہ دیش کے دورہ پر گئے تو انھوں نے 1971 کے آئین کو معطل کیا اور انتخابات کو غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دیا۔ اخبارات پر سنسر لگا دیا گیا۔ جب 1980 میں پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن نصرت بھٹو اور ان کی صاحبزادی بے نظیر بھٹو جیل سے رہا ہو کر آئین تو انھوں نے کالعدم جماعتوں کے رہنماؤں کو اقتدار میں آتے ہی بی پی ٹی آئی حکومت نے بلدیاتی اداروں کے فنڈز روکے، اختیارات سلب کیے اور بعد میں بلدیاتی ادارے ہی توڑ دیے تھے جس کے خلاف بلدیاتی عہدیدار لاہور ہائی کورٹ گئے جہاں شنوائی نہ ہونے پر سپریم کورٹ گئے جس نے ادارے بحال کیے مگر حکومت نے عمل نہیں ہونے دیا تھا اور آخری ہفتوں میں عمل کیا تو مدت پوری ہو گئی تھی۔ بلدیاتی نظام بلوچستان میں برائے نام ہے جہاں بلدیاتی عہدیداروں کی نہیں چلتی، سرداروں کے فیصلے چلتے ہیں۔

2018 سے تک (ن) لیگ نے اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کرائے تھے جس میں (ن) لیگی میئر منتخب ہوا تھا۔ پی ٹی آئی حکومت نے آتے ہی (ن) لیگی میئر کو برطرف کیا جسے ہائیکورٹ نے بحال کیا تھا جس پر دوبارہ میئر کو برطرف کیا تھا، یہ افسوس ناک ریکارڈ پنجاب اور وفاق کی پی ٹی آئی حکومت نے قائم کیے تھے اور اب (ن) لیگ کی حکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات مختلف طریقوں سے ملتوی کرتی آ رہی ہے۔

2022 میں پنجاب میں پی ٹی آئی حکومت ختم ہوئی تھی جس کے بعد تقریباً سوا تین سال (ن) لیگی حکومت رہی اور اب تقریباً ڈھائی سال سے مریم نواز وزیراعلیٰ ہیں، پنجاب میں بلدیاتی سسٹم پنجاب اسمبلی نے منظور تو کر رکھا ہے مگر بلدیاتی الیکشن نہیں کرائے جا رہے۔ اب مسلم لیگ (ن) کو بلاول بھٹو کا چیلنج قبول کرنا چاہیے مگر نہیں کرے گی۔

افغانستان اور بھارت کا گٹھ جوڑ

کراچی ملک کا سب سے بڑا شہر اور معاشی حب ہے۔ شہر قائد کا امن اور بدامنی سے پورا ملک متاثر ہوتا ہے۔ دہشت گردوں نے اب کراچی کے امن کو تباہ کرنے کی سازشیں شروع کر دی ہیں جو اپنے آقاؤں بھارت اور

ایم جے گوہر

افغانستان کی طالبان رجیم کی معاونت، رہنمائی، تربیت، مالی امداد اور اسلحہ کی فراوانی سے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں سرکاری عمارتوں، سیکورٹی اہلکاروں اور اسکولوں بازاروں کو نشانہ بنا کر عام شہریوں، پولیس اور فوج و رینجرز کے جاں باز سپاہیوں اور افسروں کو اپنا ٹارگٹ بنا رہے ہیں۔

گزشتہ ہفتے کراچی کے معروف علاقے گلستان جوہر میں افغانستان کے تربیت یافتہ دہشت گردوں نے رینجرز کے کیمپ آفس پر حملہ دہشت گردی کے اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ رینجرز کے بہادروں نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنایا۔ گرفتار دہشت گرد نے اپنے اعترافی بیان میں تسلیم کیا کہ اس کا تعلق افغانستان سے ہے اور اس کی سیاسی وابستگی جماعت الاحرار سے ہے۔ اس نے مزید بتایا کہ اس کے ہلاک ہونے والے تینوں ساتھیوں نے ٹریننگ افغانستان سے حاصل کی اسلحہ اور خودکش جیکٹ بھی وہیں سے لی اور 7 دن قبل جلال آباد سے باجوڑ کے علاقے میں رہائش پذیر عبدالہادی کے گھر آئے تھے۔

گرفتار دہشت گرد کا اعترافی بیان اس امر کا عکاس ہے کہ افغانستان کی سرزمین آج بھی پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ وہاں سے ٹریننگ، اسلحہ اور سہولت کاری کے ذریعے دہشت گرد پاکستان کے مختلف علاقوں میں بم دھماکے اور خودکش حملے کر رہے ہیں۔

دفتر خارجہ پاکستان نے افغان ناظم الامور کو طلب کر کے باقاعدہ احتجاجی مراسلہ ان کے حوالے کیا۔ افغانستان کی جانب سے ڈرون بھی بھیجے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان میں آنے والے افغان ڈرون کو موثر جوابی کارروائی کرتے ہوئے مار گرایا گیا۔ ترجمان نے واضح کر دیا کہ افغانستان کی طالبان حکومت کے اس طرح کے مذموم ہتھکنڈے درحقیقت افغان عوام کو گمراہ کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کی سرپرستی ترک کرے۔

پاکستان کی حکومت نے اعلیٰ ترین سطح پر افغانستان طالبان رجیم کو ایک سے زائد مرتبہ یاددہانی کرائی ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ طالبان رجیم نے پاکستان کی "ڈوائنگ" کا کوئی نوٹس نہ لیا اور آج تک افغانستان کے مختلف شہروں میں دہشت گردوں کی تربیت کے لیے قائم ٹریننگ کیمپوں کے خلاف کوئی موثر جوابی اقدام نہیں اٹھایا۔ نتیجتاً پاکستان نے اپنی قومی سلامتی و دفاع کو محفوظ بنانے کے لیے افغانستان میں 3,120 میگاواٹ کا ہائیڈرو پاور ٹیوب ورک بنا لیا ہے اور مزید 7,250 میگاواٹ منصوبوں کی تیاری کر رہا ہے جو پاکستان کے پانی پر قبضے اور غذائی تحفظ کو نقصان پہنچانے کی سنگین سازش ہے۔ پاکستان نے اعلیٰ ترین حکومتی سطح پر بھارت سے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ ہمارے پانی پر ہاتھ ڈالنے والے ہاتھوں کو کاٹ دیا جائے گا۔ بھارت اور افغانستان کی ملی بھگت سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ پاک افغان سرحد پر داخلی نظام کو کانٹے دار بنایا جائے۔ اندرون وطن میں ایسے علاقے موجود ہیں جہاں دہشت گردوں کے سہولت کار مل جاتے ہیں، ادھر بھارت بھی اپنے ہرکاروں کے ذریعے سازشوں میں مصروف ہے۔ طالبان رجیم کی سہولت کاری سے بھارت مئی 25 کی ذلت آمیز شکست کا بدلہ لینے کے لیے اپنا مذموم کھیل کھیل رہا ہے۔

بھارتی جاسوس بھی بھیس بدل کر پاکستان میں تخریبی کارروائیاں کرتے رہے ہیں۔ کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اور اس کا اعترافی بیان ریکارڈ پر موجود ہے۔ بھارت آج بھی پاکستان کے خلاف مختلف حوالوں سے گیم پلیٹ سازش کر رہا ہے۔ مئی 25 میں اس نے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل کیا اور اب اس نے پاکستان کے مغربی دریاو ! ں پر ڈیم بنا لیا ہے اور مزید 7,250 میگاواٹ منصوبوں کی تیاری کر رہا ہے جو پاکستان کے پانی پر قبضے اور غذائی تحفظ کو نقصان پہنچانے کی سنگین سازش ہے۔ پاکستان کو اعلیٰ ترین حکومتی سطح پر بھارت سے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ ہمارے پانی پر ہاتھ ڈالنے والے ہاتھوں کو کاٹ دیا جائے گا۔ بھارت اور افغانستان کی ملی بھگت سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ پاک افغان سرحد پر داخلی نظام کو کانٹے دار بنایا جائے۔ اندرون وطن میں ایسے علاقے موجود ہیں جہاں دہشت گردوں کے سہولت کار مل جاتے ہیں، ادھر بھارت بھی اپنے ہرکاروں کے ذریعے سازشوں میں مصروف ہے۔ طالبان رجیم کی سہولت کاری سے بھارت مئی 25 کی ذلت آمیز شکست کا بدلہ لینے کے لیے اپنا

سسکتی انسانیت کا ریاست سے سوال

کراچی سے اپنے خاندان کے ہمراہ کوئٹہ کی پرفضا وادیوں، اللہ رب العزت کی بنائی ہوئی خوبصورت جھیلوں اور پہاڑوں کی سیر کو نکلنے والا پرامن نوجوان علی جمیل مستوگ کے قریب سفاکیت کی بھینٹ چڑھ گیا۔

اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

ایک ایسا نوجوان جو اپنے ملک سے محبت کا سفیر بن کر گھر سے نکلا تھا، اسے کیا معلوم تھا کہ اس کے اپنے ہی ہم وطن کہلانے والے چند درندے اس کی زندگی کا چراغ گل کر دیں گے۔

آج اس کی شریک حیات زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا اسپتال میں زیر علاج ہے اور دو معصوم کلیاں جو کل تک اپنے بابا کی گود میں چہچہاتی تھیں، اس خوفناک منظر کے سائے میں سہم کر سکتے میں ہیں۔ سول اسپتال کوئٹہ کے سرد، بے مہر اور تاریک برا ! مدے میں اپنے شریک حیات کے خون سے نگین کپڑوں میں ملبوس کھڑی خاتون مجسم زندہ لاش اس ملک کے امن، قانون اور مردم تو تڑی انسانیت کا وہ زندہ نوحہ ہے جس کے سامنے لفظ بھی سر جھکائے ماتم کر رہے ہیں۔ اس کے کپڑے شوہر کے معصوم اور ناحق خون سے رنگین، سکتے کی حالت میں صرف اللہ کے ا ؟ سرے پر پہنچی ہے۔

اسلام نے تو ایک انسان کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا تھا مگر افسوس کہ ا ؟ ج کلمہ طیبہ کے نام پر بنے پاکستان جسے دنیا اسلامی جمہوریہ پاکستان بھی کہتی ہے کی دھرتی پر خون مسلم کی ارزانی ناقابل فہم و ناقابل یقین ہے، عام عوام کا خون پانی سے زیادہ سستا کر دیا گیا ہے۔ اس مجبور، بے سہارا بیوہ کی گود میں بلکتی دو معصوم بچیاں ہیں اور ا ؟ نکھوں میں وہ سکتہ اور پتھرایا ہوا پن ہے جس کی گہرائی میں اتر جائے تو کلیجہ منہ کو ا ؟ تا ہے۔ ا ؟ ج کے دل و دماغ میں بس ایک ہی سوال مسلسل ہتھوڑے برسا رہا ہے کہ "ا ؟ خر ہمارا قصور کیا تھا؟" کونسا جرم ہم سے سرزد ہوا؟ کیا اپنے ہی ملک میں، اپنے ہی پرچم تلے، خدا کی زمین پر چند پرسکون لمحے گزارنا اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کی سزا موت مقرر کر دی جائے؟ پولیس اور کراچی کے تجارتی تنظیموں کے مطابق کراچی میں حلال رزق کمانے اور موبائل فون کا کاروبار کرنے والے علی جمیل کوئٹہ کے مختلف مقامات پر سیر و تفریح کے بعد جمعہ کی شب اپنے ا ؟ ہائی شہر واپس جا رہے تھے کہ رات کے اندھیرے میں راستہ بھول جانے کے باعث قومی شاہراہ سے ہٹ کر دشت کے علاقے کھٹڈ پہنچ گئے۔ کراچی موبائل اینڈ الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر منہاج گلفام کا کہنا ہے کہ متاثرہ خاندان مبینہ طور پر گوگل میپ کی غلط رہنمائی کے باعث اس حساس اور خطرناک علاقے میں داخل ہوا۔

وہاں گھات لگائے بیٹھے، انسانیت کے چہرے پر کلنک، مٹھی بھر مسلح دہشت گردوں نے گاڑی روکنے کا اشارہ کیا۔ رات کے اس مہیب سناٹے میں جہاں صرف خوف کا راج تھا، اندیشوں کے باعث جب گاڑی نہ رکی تو ان سفاک قاتلوں نے، جن کے سینوں میں دل نہیں بلکہ نفرت کے پتھر ہیں، گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ اس بربریت کے نتیجے میں خاندان کا محافظ اور سربراہ علی مرتضیٰ جمیل موقع پر ہی دم توڑ گیا جب کہ ان کی زوجہ عائشہ شدید زخمی ہو گئیں جنھیں فوری طور پر صوبائی سنڈیمن اسپتال کے ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا۔

اس پوری قیامت خیز گھڑی میں جب گولیاں لوہے کو چیر رہی تھیں، گاڑی میں سوار دونوں معصوم بچیاں معجزانہ طور پر محفوظ تو رہیں لیکن انھوں نے اپنی معصوم ا ؟ نکھوں سے اپنے باپ کو تڑپتے اور دم توڑتے اور ماں کو چیختے دیکھا۔ ان کے معصوم ذہنوں پر جو گہرا، خونی زخم لگا ہے، اس ٹراما اور ٹریجڈی کا ازالہ کائنات کی کوئی دوا، کوئی مرہم یا مسیحا کبھی نہیں کر پائے گا۔

اتحاد اسلامیہ زندہ باد!

ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

اس مرتبہ بھی بفضلِ باری تعالیٰ عشرہ محرم الحرام کے دوران اسلامی جمہوریہ پاکستان میں تمام مسالک سے وابستہ مسلمانان وطن نے لائق تحسین اتحاد و یگانگت اور پورے لقم وضبط کا عملی مظاہرہ کیا، جہاں ملک بھر کی امام بارگاہوں میں علماء ! کرام اور ذاکرین نے امام عالی مقام حضرت امام حسین ؟ اور شہدائے کربلا کی لازوال قربانیوں اور ؟ ن کے اعلیٰ وارفع کردار کے مختلف پہلوو ؟ ں سے عزادارانِ حسین ؟ کو ا ؟ گاہ کیا وہاں

نیئر سرحدی

شام غریباں کی مجالس بھی انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہو گئیں۔

اہل تشیع اور سنی مسالک سے وابستہ لاکھوں لوگوں نے جگہ جگہ مشروبات کی سبیلیں اور نذر و نیاز سے ا ؟ راستہ ضیافتیں عزادارانِ حسین ؟ کی خدمت میں پیش کیں، پولیس اور دیگر سیکیورٹی فورسز نے فول پروف حفاظتی انتظامات کر رکھے تھے۔ خیبر پختونخوا، بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں کی حساس امام بارگاہوں اور ماتمی جلوسوں کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا۔ اسی طرح اہلسنت والجماعت، دیوبندی، ب

نمبر 1

عوام کے ساتھ اظہار تشکر اور اصولی موقف قرار دیا ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ آزاد عدلیہ اس وقت تمہیں سیاسی اور عوامی عدالتوں میں ہزاروں شرمندگی اپنے مظالمات کے تحت تمہیں انتظار اور حشر دے رہے ہیں۔ پارٹی کے مطابق حقیقی کارناموں کے نتیجے میں بانی چیئرمین عمران خان جیسے جانباز سے آزاد شہریوں کو رہائی ملی ہے جو سیاسی انتقام کا شکار ہیں۔ پارٹی کے مطابق عدالتوں کے فیصلوں نے ثابت کیا ہے کہ ریاستی اختیارات کا انتہائی غیر قانونی استعمال کیا گیا ہے جس کے نتائج عوام کو بھگتنے پڑ رہے